جس بندے کے قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود ہو گئے، اسے (جہنم کی) آگ نہیں چھوئے گی

ابو عبس عبدالرحمٰن بن جبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”جس بندے کے قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود ہو گئے، اسے (جہنم کی) آگ نہیں چھوئے گی“۔
[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔]

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اللہ کے راستے میں قتال کے لیے نکلے اور اس کے پاؤں غبار آلود ہو گئے، یہ اس کے حق میں جہنم سے چھٹکارے کا سبب ہے۔ بخاری کے الفاظ ہیں ”مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاه في سبيل الله حَرَّمَهُ الله على النَّار“ یعنی جس کے قدم اللہ کی راہ میں غبار آلود ہو گئے، اللہ تعالیٰ اسے دوزخ پر حرام کر دے گا“۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3868

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY